# نیشنل ڈس ایبیلٹی ایڈووکیسی فریم ورک

## 2025 – 2023

اردو | Urdu

*نیشنل ڈس ایبیلٹی ایڈووکیسی فریم ورک 2023-2025 آسٹریلیا کی ڈس ایبیلٹی سٹریٹجی 2021-2023 کے تحت ایک متعلقہ منصوبہ یا ایسوسی ایٹڈ پلان ہے-*

# تعارف

ڈس ایبیلٹی ایڈووکیسی (عوامی سطح پر معذوروں کی حمایت) معذور افراد کے حقوق کی بقا، فروغ اور قدر کو یقینی بنا کر انہیں مدد دیتی ہے۔ اس سے معذور لوگ فیصلوں اور کاموں میں فعال شرکت کے قابل بن سکتے ہیں جس سے ان کے حقوق، فلاح اور مفادات کو فروغ ملتا ہے۔ کچھ معذور لوگوں کو اس مقصد کے لیے ایڈووکیسی سروسز سے مدد لینے کی ضرورت ہوتی ہے تاکہ وہ اپنی زندگیوں کو متاثر کرنے والے فیصلوں، بالخصوص خدمات اور مدد حاصل کرنے کے فیصلوں میں شریک ہو سکیں۔

نیشنل ڈس ایبیلٹی ایڈووکیسی فریم ورک 2023-2025 (فریم ورک) یہ یقینی بنانے کے لیے آسٹریلین حکومت اور سٹیٹس اور ٹیریٹریز کی حکومتوں کا مشترکہ عزم ہے کہ پورے ملک میں تمام معذور افراد کو ایڈووکیسی سروسز تک رسائی حاصل ہو۔ فریم ورک حکومتوں کو ایڈووکیسی سروسز اور معیاروں میں ہم آہنگی پیدا کرنے کے لیے کام کے قابل بنائے گا تاکہ معذور افراد کے لیے نتائج اور ان سروسز تک رسائی بہتر بنائی جائے۔

2008 میں ڈس ایبیلٹی منسٹرز نے آسٹریلین حکومت اور سٹیٹس اور ٹیریٹریز کی حکومتوں سے درخواست کی کہ ایڈووکیسی کا ایک قومی ہم آہنگ فریم ورک بنایا جائے جو انفرادی ایڈووکیسی اور پورے نظام میں ایڈووکیسی، عام تعریفوں اور مطلوبہ نتائج اور ڈاٹا کے معاملات کا احاطہ کرے۔ نیشنل ڈس ایبیلٹی ایڈووکیسی فریم ورک 2012 (2012 کے فریم ورک) نے اہم مطلوبہ نتائج طے کیے تاکہ معذور افراد کے لیے ایڈووکیسی کی فراہمی میں رہنمائی ملے اور تمام سرکاری فنڈنگ سے چلنے والے ایڈووکیسی پروگرامز میں زیادہ ہم آہنگی لائی جائے۔

2012 میں فریم ورک طے پانے کے بعد سے آسٹریلیا میں یہ رجحان آ رہا ہے کہ معذوری کے ایک سوشل ماڈل اور حقوق کی بنیاد پر معذوری کو تسلیم کیا جائے اور اقدامات کیے جائیں۔ یہ رجحان 2012 میں فریم ورک طے پانے کے بعد سے تمام سطحوں کی حکومتوں پر معذوری کی نمایاں طور پر بدلتی ہوئی پالیسی اور پروگراموں میں جھلک رہا ہے۔ انفرادی ایڈووکیسی اور پورے نظام میں ایڈووکیسی فراہم کرنے والوں کو آسٹریلین حکومت اور سٹیٹس اور ٹیریٹریز کی حکومتوں کے زیر انتظام سماجی سہارے کے پیچیدہ اور مختلف نظاموں میں کام کرنے کے چیلنج پیش ہیں۔ ان نظاموں میں نیشنل ڈس ایبیلٹی انشورنس سکیم اور تمام معاشرے کے لیے مددجیسے بہبود، نگہداشتِ صحت، رہائش اور بے گھری، تعلیم، روزگار اور انصاف کے نظام شامل ہیں لیکن یہ محض انہی تک محدود نہیں ہے۔

2012 کے فریم ورک پر معذور افراد، ان کے خاندانوں اور سنبھالنے والوں، ڈس ایبیلٹی ایڈووکیسی پرووائیڈرز، معذوروں کی نمائندہ تنظیموں اور حمایتی تنظیموں (peak bodies) کے مشورے سے نظرثانی کی گئی ہے تاکہ *آسٹریلیا کی ڈس ایبیلٹی سٹریٹجی 2021-2031* (سٹریٹجی) پر عملدرآمد میں مدد ملے۔ سٹریٹجی یہ تسلیم کرتی ہے کہ ایڈووکیسی سے لوگوں کے حقوق کے تحفظ میں اور معاشرے میں ان کی شمولیت اور شرکت میں حائل رکاوٹوں کو دور کرنے میں مدد ملتی ہے۔ سٹریٹجی کے تحت 'حفاظت، حقوق اور انصاف کے ضمن میں مطلوبہ نتائج' (Outcome Area) میں تسلیم کیا جاتا ہے کہ ڈس ایبیلٹی ایڈووکیسی معذور افراد کو ان کے حقوق کے تحفظ اور بقا کے قابل بنانے اور اس میں مدد دینے کا ایک اہم طریقہ ہے۔ ان نتائج کا مقصد یہ یقینی بنانا ہے کہ 'معذور افراد کے حقوق کا فروغ، بقا اور تحفظ ہو اور معذور افراد خود کو محفوظ محسوس کریں اور قانون میں مساوات حاصل کریں'۔

# بنیاد

معذور افراد کو اکثر ایسی رکاوٹوں کا سامنا ہوتا ہے جو ان کے لیے معاشرے میں شریک ہونا مشکل بناتی ہیں اور نتیجتاً وہ زندگی میں کمزور نتائج حاصل کرتے ہیں۔ ان میں مادّی رکاوٹیں، کمیونیکیشن میں رکاوٹیں، رویّوں کی وجہ سے رکاوٹیں، معاشی رکاوٹیں اور پورے نظام میں موجود رکاوٹیں شامل ہیں۔ ایڈووکیسی معذور افراد کو ان کی زندگیوں کو متاثر کرنے والے فیصلے کرنے اور ان میں شریک ہونے کے لیے سہارا دیتی ہے اور اس قابل بناتی ہے تاکہ ان کے حقوق کا فروغ اور تحفظ یقینی ہو۔

فریم ورک تسلیم کرتا ہے کہ ڈس ایبیلٹی ایڈووکیسی کی کئی مختلف قسمیں ہیں جو معذور افراد کو سہارا دے سکتی ہیں اور اس میں اس غیر رسمی ایڈووکیسی کی مدد کو بھی تسلیم کیا جاتا ہے جو معذور افراد کے خاندان، دوست اور سنبھالنے والے فراہم کرتے ہوں۔ تاہم فریم ورک کا تعلق آسٹریلین حکومت اور سٹیٹس اور ٹیریٹریز کی حکومتوں کی جانب سے فراہم کی جانے والی ڈس ایبیلٹی ایڈووکیسی سے ہے۔

فریم ورک تسلیم کرتا ہے کہ معذور ہونا اکثر محرومیوں کا باعث بنتا ہے اور اس بات پر اثرانداز ہوتا ہے کہ آیا معذور افراد وسائل، خدمات اور مدد حاصل کر سکتے ہیں، اور اگر جواب ہاں ہو، تو کیسے۔ معاشرے کے تمام افراد، جن میں معذور افراد بھی شامل ہیں، نسل، جنس، صنفی شناخت، جنسی رجحان، معذوری، طبقے، مذہب، عمر، سماجی ماخذ اور شناخت کی دوسری علامتوں کی وجہ سے اضافی امتیازی سلوک سے دوچار ہو سکتے ہیں۔

فریم ورک فرد کو مرکز میں رکھنے اور حقوق کی بنیاد پر کام کرنے کی سوچ پر استوار ہے جس میں پالیسیاں اور پروگرام معذور افراد کی رائے کے ساتھ ڈیزائن کیے جاتے ہیں اور ان میں توجہ فرد اور اس کی صلاحیتوں، ضروریات، دلچسپیوں اور اہداف پر ہوتی ہے اور معذور افراد کے حقوق کی عکاسی ہوتی ہے۔

# تعریفیں

ڈس ایبیلٹی ایڈووکیسی کی وضاحت کرنے کے لیے اس فریم ورک میں مندرجہ ذیل تعریفیں استعمال کی گئی ہیں۔ یہ ڈس ایبیلٹی ایڈووکیسی کی ان قسموں کی مکمل فہرست نہیں ہے جو ہر عملداری میں دستیاب ہو سکتی ہیں:

**ڈس ایبیلٹی ایڈووکیسی** معذور افراد کو فیصلہ سازی کے عمل میں شریک ہونے کے قابل بناتی ہے جس سے ان کے انسانی حقوق کا تحفظ اور فروغ ہوتا ہے۔

**انفرادی ایڈووکیسی** ایک پروفیشنل ایڈووکیٹ، رشتہ دار، دوست یا رضاکار کی طرف سے ایک فرد کے لیے ہوتی ہے تاکہ غیرمنصفانہ سلوک یا بدسلوکی کی روک تھام کی جائے یا ایسے واقعات پر اقدام کیا جائے۔

**پورے نظام میں ایڈووکیسی** طویل المدت سماجی تبدیلی لانے سے تعلق رکھتی ہے تاکہ قانون سازی، پالیسیوں اور طریق عمل کے ذریعے معذور افراد کو ان کے اجتماعی حقوق اور مفادات دلانا یقینی بنایا جائے۔

**سیلف ایڈووکیسی** ایک معذور فرد اپنے لیے آواز اٹھا کر اور اپنی نمائندگی کے لیے کرتا ہے۔ کمیونٹی میں قائم گروپس سیلف ایڈووکیسی کے لیے مدد اور تربیت فراہم کرتے ہیں۔

**لیگل ایڈووکیسی** امتیازی سلوک، بدسلوکی اور غفلت کے قانونی پہلوؤں کے حوالے سے معذور افراد کے حقوق اور مفادات برقرار رکھتی ہے۔

## مقصد

اس فریم ورک کے ذریعے آسٹریلین حکومت اور سٹیٹس اور ٹیریٹریز کی حکومتیں مندرجہ ذیل مقصد کو اپنا طویل المدّت ہدف بنانے کا عہد کرتی ہیں تاکہ آسٹریلیا میں ڈس ایبیلٹی ایڈووکیسی کی فراہمی کے لیے جدّوجہد کی جائے:

*معذور افراد کو مؤثر ڈس ایبیلٹی ایڈووکیسی میسّر ہو جو ان کے تمام انسانی حقوق کا فروغ اور تحفظ کرے، ان کے لیے ان حقوق سے مکمل اور مساوی استفادہ کرنا یقینی بنائے اور انہیں معاشرے میں مکمل شرکت اور شمولیت کے قابل بنائے۔*

## اصول

فریم ورک کو ملکی سطح پر ہم آہنگ قوانین اور پالیسیوں کی روشنی میں بنایا گیا ہے اور یہ ان پر عملدرآمد میں معاون ہے جن میں مندرجہ ذیل شامل ہیں لیکن یہ محض انہی تک محدود نہیں:

- *معذور افراد کے حقوق پر اقوام متحدّہ کا کنونشن*
- *معذوری کی وجہ سے امتیازی سلوک کے خلاف ایکٹ 1992*
- *آسٹریلیا کی ڈس ایبیلٹی سٹریٹجی 2021-2031*
- سب کو برابر لانے کے لیے (Closing the Gap) نیشنل ایگریمنٹ
- NDIS کا معیار اور تحفظ کا فریم ورک

اس فریم ورک کے ذریعے، آسٹریلین حکومت اور سٹیٹس اور ٹیریٹریز کی حکومتیں مندرجہ ذیل اصولوں کو قبول اور اختیار کرتی ہیں تاکہ قومی سطح پر معذور افراد کے لیے ایڈووکیسی کی فراہمی میں رہنمائی ملے:

**حقوق اور صلاحیت کو موجود سمجھنا**

- تمام لوگوں کو تشدّد، بدسلوکی، غفلت، امتیازی سلوک اور استحصال سے آزاد رہنے کا حق حاصل ہے۔
- تمام لوگوں کو وقار اور احترام کا حق حاصل ہے۔
- تمام افراد کو کمیونیکیشن اور معلومات تک رسائی کا حق حاصل ہے۔
- تمام افراد کو حق حاصل ہے کہ انتقامی کارروائی کے خوف کے بغیر، محفوظ رہتے ہوئے کسی رنج کا ازالہ طلب کریں یا شکایت کریں۔
- تمام لوگوں کو پرائیویسی اور اپنے معاملات کی رازداری کا حق حاصل ہے۔
- تمام بالغوں کو مساوی حق حاصل ہے کہ وہ اپنی زندگیوں کو متاثر کرنے والے فیصلے کریں اور ان فیصلوں کا احترام کیا جائے۔

- تمام بالغ معذور افراد کے بارے میں سمجھا جاتا ہے کہ وہ اپنی زندگی کے تمام معاملات کو متاثر کرنے والے فیصلے کرنے اور ان میں شریک ہونے کی صلاحیت رکھتے ہیں۔

- تمام معذور بچوں اور نوجونوں کو بھی، جس حد تک وہ شریک ہونے کے قابل ہوں، اپنی زندگیوں کو متاثر کرنے والے فیصلوں میں شریک ہونے کا برابر حق حاصل ہے۔

- ضروری ہے کہ معذور افراد کو، اور ان لوگوں کو جنہیں فیصلے کرنے کے لیے مدد کی ضرورت ہو سکتی ہے، متاثر کرنے والے فیصلے ان کی مرضی، ترجیحات اور حقوق کے مطابق کیے جائیں۔

- معذور افراد کو متاثر کرنے والے جو فیصلے مقررہ متبادل فیصلہ سازوں نے کیے ہوں، ان کے سلسلے میں ضروری ہے کہ یہ عملی طور پر جس قدر ممکن ہو، ان کی مرضی، ترجیحات اور حقوق کو مدّنظر رکھیں۔

**حفاظتی انتظامات اور انصاف**

- ڈس ایبیلٹی ایڈووکیسی معذور افراد کے انسانی حقوق کے تحفظ کا ایک اہم وسیلہ ہے۔

- معذور افراد کے حقوق کا فروغ، بقا اور تحفظ ہوتا ہے۔

- تمام معذور افراد محفوظ محسوس کرتے ہیں اور قانون کے روبرو برابر حیثیت رکھتے ہیں۔

- افراد کو یہ پہچاننے اور سمجھنے کے لیے مدد ملتی ہے کہ کب انہیں تشدّد، بدسلوکی، غفلت اور استحصال کا نشانہ بنایا گیا اور یہ سمجھنے کے لیے بھی مدد ملتی ہے کہ ان تجربات کے سلسلے میں وہ کیا قدم اٹھا سکتے ہیں۔

- ڈس ایبیلٹی ایڈووکیسی میں پیشہ ور قانونی خدمات کی طرف سے قانونی مشورہ اور نمائندگی شامل ہے، جہاں معذور لوگوں کو ان کے حقوق کے استعمال میں مدد دینے کے لیے اس کی ضرورت ہو۔

**شرکت، شمولیت اور مدد تک رسائی**

- ڈس ایبیلٹی ایڈووکیسی تمام معذور افراد کی مکمل اور مؤثر شرکت اور معاشرے میں شمولیت کے فروغ کا لازمی وسیلہ ہے۔

- ڈس ایبیلٹی ایڈووکیسی کا ایک لازمی حصہ معذور افراد کے ساتھ مؤثر اور مناسب کمیونیکیشن کا انتظام کرنا ہے۔

- تمام معذور افراد کو ایڈووکیسی کی معیاری اور خودمختارانہ مدد تک رسائی کا حق حاصل ہے خواہ وہ آسٹریلیا میں کسی بھی جگہ رہتے ہوں۔

- ڈس ایبیلٹی ایڈووکیسی کے قابلِ رسائی ہونے میں مقام، کمیونیکیشن، تہذیب اور ٹیکنالوجی کے حوالے سے معذور افراد کی ضروریات کو مدنظر رکھا جاتا ہے۔

**خود ارادیت**

- ڈس ایبیلٹی ایڈووکیسی معذور فرد کی مرضی، ترجیحات اور حقوق کی روشنی میں فراہم کی جانی چاہیے۔

- ڈس ایبیلٹی ایڈووکیٹس کو' *ہمارے لیے کچھ بھی ہمیں الگ رکھ کر نہیں کیا جائے گا'* کے اصول کو مدنظر رکھتے ہوئے:

  - یہ یقینی بنانا چاہیے کہ فرد کی آواز سمجھی جائے اور سنی جائے

  - فرد کو مرکز میں رکھتے ہوئے افراد کو آواز اٹھانے کے قابل بنانا چاہیے جس کے لیے انہیں فرد کی صلاحیتوں کو پہچاننا ہو گا اور فیصلوں اور نتائج میں فرد کی شرکت زیادہ سے زیادہ بڑھانے کے لیے ان صلاحیتوں کو استعمال کرنا ہو گا؛ اور

  - افراد میں سیلف ایڈووکیسی کی صلاحیت بڑھا کر خودمختاری کو فروغ دینا چاہیے۔

**فرسٹ نیشنز کے معذور افراد کی شمولیت اور رسائی**

- Closing the Gap نیشنل ایگریمنٹ کے مطابق چلتے ہوئے:

  - فرسٹ نیشنز کے معذور افراد کو متاثر کرنے والی ایڈووکیسی کے لیے مدد کی منصوبہ بندی اور فراہمی میں ان کے نظریات اور قابلیت کو اہمیت دی جاتی ہے

  - پارٹنرشپس اور مل کر فیصلے کرنے کے عمل وہ اہم ذریعہ ہیں جس سے فرسٹ نیشنز کے معذور افراد قابلِ بھروسا، تہذیبی لحاظ سے مناسب، قابلِ رسائی اور سب کو شامل رکھنے والی ڈس ایبیلٹی ایڈووکیسی کی منصوبہ بندی اور عملدرآمد کو تحریک دے سکتے ہیں

  - فرسٹ نیشنز کمیونٹی کنٹرولڈ سیکٹر ایک اہم ذریعہ ہے جس سے فرسٹ نیشنز کے معذور افراد تہذیبی لحاظ سے مناسب ایڈووکیسی کی مدد حاصل کر سکتے ہیں۔

  - تمام معاشرے کے لیے ڈس ایبیلٹی ایڈووکیسی سروسز فرسٹ نیشنز کے معذور افراد کے لیے اور ان کے ساتھ، ان کی صلاحیتوں، علم اور وسیلے کو تسلیم کرتے ہوئے، بامعنی اور تہذیبی لحاظ سے محفوظ ایڈووکیسی کی مدد کے طریقوں پر عمل کرتی ہیں

  - فرسٹ نیشنز کے معذور افراد، کمیونٹیوں اور تنظیموں کو ڈس ایبیلٹی ایڈووکیسی کے متعلق بہتر فیصلے کرنے کے لیے مدد دی جاتی ہے اور مقامی علاقے سے تعلق رکھنے والے ڈاٹا اور معلومات مہیا ہوتی ہیں اور وہ انہیں استعمال کرنے کے قابل بنتے ہیں

**مختلف اور متنوّع ہونے کی فہم اور احترام**

- ڈیس ایبیلٹی ایڈوکیسی میں یہ تسلیم کیا جانا چاہیے کہ معذور افراد بالکل ایک جیسے افراد پر مشتمل گروہ نہیں ہیں اور ان کی انفرادی ضروریات اور حالات کو سمجھنا، ماننا اور پورا کرنا چاہیے۔

- ڈس ایبیلٹی ایڈووکیسی میں معذور شخص کے تمام قسموں کے امتیازی سلوک کے تجربے کو تسلیم کیا جانا چاہیے جس میں نسل، جنس، صنفی شناخت، جنسی رجحان، معذوری، طبقے، مذہب، عمر، سماجی ماخذ اور شناخت کے دوسرے پہلوؤں کی وجہ سے مختلف قسموں کا امتیازی سلوک اور محرومی شامل ہیں۔

# نتائج

اس فریم ورک کے مطابق فراہم کی جانے والی ڈس ایبیلٹی ایڈووکیسی کے لیے مدد مندرجہ ذیل نتائج حاصل کرنے میں معاون ہو گی:

- تمام آسٹریلین باشندے برابر حقوق اور آزادیوں سے استفادہ کریں
- تمام معذور افراد کو زیادہ انتخاب، کنٹرول اور اچھی زندگی میسّر آئے، وہ اپنا فیصلے کرنے کا حق استعمال کریں، اپنی زندگیوں کو متاثر کرنے والی تمام فیصلہ سازی کے عمل میں شامل ہوں اور یہ فیصلے کرنے کے لیے انہیں جس مدد کی ضرورت ہو، وہ انہیں ملے۔
- تمام معذور افراد ہماری کمیونٹیوں کی شہری، سیاسی، معاشی، سماجی اور تہذیبی زندگی کے تمام پہلوؤں میں شریک ہونے کے قابل ہوں۔
- تمام معذور افراد معیاری اور خود مختارانہ ایڈووکیسی تک رسائی رکھتے ہوں خواہ وہ کسی بھی جگہ رہتے ہوں۔
- تمام معذور افراد، جن میں بیک وقت کئی محرومیوں سے دوچار افراد بھی شامل ہیں، کو معذوری کے لیے مدد اور خدمات سے مؤثر واسطوں اور رسائی کے لیے سہارا ملے اور/یا تمام معاشرے کے لیے دستیاب خدمات اور سہولیات حاصل کرنے کے لیے سہارا ملے جس میں انصاف اور قانون کے شعبے میں ایڈووکیسی تک معاون، لچکدار اور بروقت رسائی بھی شامل ہے۔
- تمام معذور افراد کو اپنے استعمال میں آنے والی مدد اور خدمات کے متعلق نیز خدمات کی فراہمی بہتر بنانے کے متعلق اپنے خیالات اور خواہشات کے اظہار کے قابل بنایا جائے اور انہیں اس کے مواقع مہیا ہوں؛ اور وہ جو مدد اور خدمات خریدیں یا استعمال کریں، ان کے متعلق رائے دیتے ہوئے یا شکایت کرتے ہوئے انہیں شکایات کا طریقہ اور خودمختارانہ مدد اور مشورہ میسّر ہو۔
- ایڈووکیسی کی منصوبہ بندی اور فراہمی کا طریقہ طے کرنے کے لیے فرسٹ نیشنز کے معذور افراد کی رائے کو زیادہ اہمیت دی جاتی ہو؛ انہیں تہذیب اور زبان کے لحاظ سے مناسب اور تہذیبی لحاظ سے محفوظ ڈس ایبیلٹی ایڈووکیسی مہیا ہو جس میں ڈس ایبیلٹی ایڈووکیسی فراہم کرنے والی کمیونٹی کنٹرولڈ آرگنائزیشنز تک رسائی بھی شامل ہے؛ اور انہیں مقامی علاقے سے تعلق رکھنے والے ڈاٹا اور معلومات تک رسائی اور انہیں استعمال کرنے کی صلاحیت حاصل ہو۔
- تمام معذور افراد، جن میں متنوّع تہذیبی اور لسانی کمیونٹیوں کے معذور افراد بھی شامل ہیں، کو تہذیب اور زبان کے لحاظ سے مناسب اور تہذیبی لحاظ سے محفوظ ڈس ایبیلٹی ایڈووکیسی مہیا ہو جس میں متعلقہ مقامی کمیونٹیوں کا اشتراک کار اور رائے شامل ہو۔
- تمام معذور افراد کو، جن میں خواتین اور لڑکیاں اور خود کو ہم جنس پرست عورتیں، ہم جنس پرست مرد، دونوں جنسوں میں کشش رکھنے والے افراد، ٹرانس جینڈر افراد، کوئیر یا اپنے جنسی رجحان کے تعیّن میں مصروف افراد، دونوں صنفوں سے الگ یا متنوّع صنف رکھنے والے، انٹر سیکس یا کوئی جنس نہ رکھنے والے افراد بھی شامل ہیں، محفوظ، جنس کے معاملے میں حسّاس اور سب کو شامل رکھنے والی ڈس ایبیلٹی مدد تک رسائی حاصل ہو۔

- انفرادی ایڈووکیسی حاصل کرنے والے معذور افراد کے پس منظر کی تفصیلات سے ان کمیونٹیوں کے تنوّع کی عکاسی ہو جن میں امدادی خدمات کام کر رہی ہیں۔

- معذور افراد کو موقع حاصل ہو کہ وہ خود کو متاثر کرنے والی معذوری کی پالیسیوں، پروگراموں اور خدمات نیز دیگر سرکاری پالیسیوں، پروگراموں اور خدمات کی تشکیل، فراہمی اور جانچ کے تمام پہلوؤں میں فعال حصہ لیں۔

- معذور افراد کے حقوق، صلاحیتوں اور معاشرے اور کمیونٹیوں میں ان کے مثبت کردار کے متعلق، اور ایڈووکیسی کے لیے مدد کی موجودگی اور اہمیت کے متعلق معاشرے میں آگہی بڑھ رہی ہے۔

- ڈس ایبیلٹی ایڈووکیسی کے انتظام اور منصوبہ بندی میں ملکی سطح پر ہم آہنگ اور شواہد سے حاصل کردہ ڈاٹا سے رہنمائی لی جاتی ہے اور یہ ملحوظ رکھا جاتا ہے کہ ایڈووکیسی کس طرح معذور لوگوں کی مدد کرنے والے دوسرے نظاموں سے تعلق، ربط اور کمیونیکیشن رکھتی ہے۔

## عملدرآمد

فریم ورک کو ڈس ایبیلٹی ایڈووکیسی ورک پلان (ورک پلان) کی مدد حاصل ہے جو اس کے مقاصد، اصولوں اور مطلوبہ نتائج کے لیے عمل کو تحریک دیتا ہے۔ ورک پلان نامزد عملداریوں کے ذمے اقدامات واضح کرتا ہے جن سے آسٹریلین حکومت اور سٹیٹس اور ٹیریٹریز کی حکومتوں کو فریم ورک کے تحت اصولوں اور مطلوبہ نتائج کے حوالے سے شفاف اور جوابدہ رہنے میں مدد ملے گی۔

ورک پلان آسٹریلین حکومت اور سٹیٹس اور ٹیریٹریز کی حکومتوں نے مل کر تشکیل دیا ہے اور اس کے لیے معذور افراد کو شامل کر کے رہنمائی لی گئی تھی۔ جہاں مناسب ہو، ورک پلان آسٹریلیا میں معذوری کی سٹریٹجی کے ٹارگٹڈ ایکشن پلانز اور ڈس ایبیلٹی ایڈووکیسی کی فراہمی کے سلسلے میں دیگر قوانین، پالیسیوں اور پروگراموں کے مطابق چلتا ہے۔

ورک پلان، مزید عوامی مشاورت اور معذور افراد کے ساتھ تشدّد، بدسلوکی، غفلت اور استحصال کے رائل کمیشن سے ملنے والی معلومات سے 2026 میں شروع ہونے والے نئے فریم ورک میں تبدیلیوں کے لیے رہنمائی ملے گی۔

## ذمہ داریاں، اصلاحات اور پالیسی سازی کے لیے معلومات

اس فریم ورک پر اتفاق کرتے ہوئے، آسٹریلین حکومت اور سٹیٹس اور ٹیریٹریز کی حکومتیں یہ عزم کر رہی ہیں:

- وہ اپنی عملداریوں میں ڈس ایبیلٹی ایڈووکیسی کی ذمہ داری میں شریک ہوں گی۔ ہر ایڈووکیسی پروگرام کی تشکیل، فنڈنگ اور انتظام کا طریقہ طے کرنا فنڈنگ دینے والی حکومت کا فیصلہ اور مابعد اسی کی ذمہ داری ہے۔

- پورے آسٹریلیا میں ڈس ایبیلٹی ایڈووکیسی کا ایک مؤثر نیٹ ورک بنانے کے لیے مل کر کام کیا جائے گا۔ اس میں ڈس ایبیلٹی ایڈووکیٹس کی صلاحیت بڑھانے اور ملک بھر میں ڈس ایبیلٹی ایڈووکیسی کے یکساں مطلوبہ نتائج طے کرنے کے لیے مدد دینا شامل ہے۔

- یہ یقینی بنایا جائے گا کہ معذور افراد کو متاثر کرنے والی پالیسیوں اور اصلاحات کی منصوبہ بندی اور عملدرآمد میں انہیں مرکزی اہمیت دی جائے۔ اس میں فرد پر مرکوز سوچ اور کو-ڈیزائن (مشترکہ منصوبہ بندی) کے اصولوں پر عمل کرنا شامل ہے۔

- ڈس ایبیلٹی ایڈووکیسی کی فراہمی کی پالیسیوں اور اصلاحات کے لیے رہنمائی مہیا کی جائے گی تاکہ اس فریم ورک کے مقصد اور مطلوبہ نتائج حاصل کیے جائیں۔

- معذوری کے شعبے میں اور پورے معاشرے میں معذور افراد کے حقوق کی آگہی بڑھائی جائے گی۔

- ڈس ایبیلٹی ایڈووکیسی کی اہمیت کی آگہی بڑھائی جائے گی۔

- یہ یقینی بنایا جائے گا کہ ڈس ایبیلٹی ایڈووکیسی کے لیے فنڈنگ شفاف اور جوابدہی کے تحت ہو اور یہ منصفانہ نتائج کے لیے مدد دے جس میں جغرافیائی کوریج اور خدمات کی عدم موجودگی کا پتہ چلانا اوراس سلسلے میں قدم اٹھانا شامل ہے۔

- ڈس ایبیلٹی ایڈووکیسی کی منصوبہ بندی اور خدمات کے نظاموں کی بہتری کے لیے ملکی سطح پر یکساں اور شواہد سے حاصل کردہ ڈاٹا اکٹھا، استعمال اور رپورٹ کیا جائے گا۔

- ڈس ایبیلٹی ایڈووکیسی آرگنائزیشنز، معذوری کے لیے خدمات، نیشنل ڈس ایبیلٹی انشورنس ایجنسی، تمام معاشرے کے لیے خدمات، کمیونٹی میں مہیا خدمات اور حکومتوں کے درمیان ربط اور کمیونیکیشن کو بہتر بنایا جائے گا تاکہ معذور افراد کے لیے بہتر نتائج حاصل کیے جا سکیں نیز انفرادی ایڈووکیسی اور پورے نظام کی سطح پر ایڈووکیسی کے درمیان تعلق کو فروغ دیا جائے گا۔

- ایسی ڈس ایبیلٹی ایڈووکیسی سروسز عمل میں لائی جائیں گی جو Closing the Gap نیشنل ایگریمنٹ اور Closing the Gap ترجیحی اصلاحات کے مطابق سب کو شامل رکھنے والی اور فرسٹ نیشنز کے معذور افراد کے لیے قابلِ رسائی اور تہذیبی لحاظ سے محفوظ ہوں۔